https://www.jmi.ac.in

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نے کلیم الدین احمد کی تحریروں پر مبنی کتاب کی اشاعت کے لیے اشتراک کیا

New Delhi, November 9, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے فخر اور مسرت ہو رہی ہے کہ ستائیس اپریل دو ہزار چھبیس کو شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام اور 'قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان'' (این سی پی یو ایل) وزارت تعلیم، حکومت ہند کے اشتراک سے جامعہ کے سی آئی ٹی۔ ایف ٹی کے میں، منعقدہ قومی سمینار، بعنوان ''کلیم الدین احمد کی نگارشات: ایک باز دید'' میں پڑھے گئے مقالات، کتابی شکل میں شائع ہو گئے ہیں۔ مذکورہ کتاب کی تدوین و تہذیب، شعبہ اردو کے صدر اور سمینار کے کنوینر پروفیسر کوثر مظہری نے کی ہے۔ واضح ہو کہ اس قومی سیمینار کا انعقاد اور مذکورہ کتاب کی اشاعت عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے بھرپور، غیر متزلزل تعاون اور ذاتی دلچسپی کے نتیجے میں ہی ممکن ہو سکی ہے۔

یہ کتاب بائیس علمی و تحقیقی مقالات پر مشتمل ہے، جن میں پروفیسر شافع قدوائی (علی گڑھ) کا اٹھارہ صفحات پر محیط طویل کلیدی خطبہ اور پروفیسر کوثر مظہری کا اٹھارہ صفحات پر مشتمل تفصیلی پیش لفظ بھی شامل ہے۔ قابل ذکر ہے کہ یہ کتاب کلیم الدین احمد سے متعلق مواد تلاش کرنے والے اساتذہ اور محققین کے لیے ایک معتبر حوالہ جاتی کتاب ثابت ہوگی۔

شعبہ اردو، جامعہ ملیہ اسلامیہ کو علمی و تعلیمی بلندیوں تک پہنچانے کے لیے شعبہ، پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ کے متعین کردہ علمی راہ پر گامزن ہے۔

دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

افسر اعلیٰ، تعلقات عامہ